In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ

## Lecture No 1

(By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت / کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

1- پرانا عہد نامہ خُدا کے کامل صحِیفہ کا حصہ ہے جو ہمارے عقائد اور اصلاح کے لئے فائدہ مند ہے۔

مگر تُو اُن باتوں پر جو تُو نے سیکھی تھیں اور جِن کا یقین تُجھے دِلایا گیا تھا یہ جان کر قائِم رہ کہ تُو نے اُنہیں کِن لوگوں سے سِیکھا تھا۔ اور تو بچپن سے اُن پاک نوِشتوں سے واقف ہے جو تُجھے مسیح یِسُوع پرایمان لانے سے نِجات حاصل کرنے کے لئے دانائی بخش سکتے ہیں۔ **ہر ایک صحِیفہ جو خُدا کے اِلہام سے ہے تعلیم اور اِلزام اور اِصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لئے فائِدہ مند بھی ہے۔** (۲- تیمتھُیس 3/14-16)

(a) پرانا عہد نامہ حکمت کا ذریعہ ہے۔

(b) پرانا عہد نامہ ہمیں نجات تک لے کر جاتا ہے۔

(c) پرانا عہد نامہ ہماری رہنمائی کرتا ہے۔

(d) پرانا عہد نامہ ہمیں ہماری منزل (ہمیشہ کی زندگی) تک پہنچنے کے لئے تیار کرتا ہے۔

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت / کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

---

2- پرانا عہد نامہ ہمیں علم / تعلیم / سیکھ بخشتا ہے۔

کیُونکہ جِتنی باتیں پہلے لِکھی گئِیں وہ ہماری تعلیم کے لئے لِکھی گئِیں تاکہ صبر سے اور کتابِ مقدّس کی تسلّی سے اُمید رکھیں۔ (رومیوں 15/4)

3- پرانا عہد نامہ نہ صرف اُس دور کے لوگوں کے لئے بلکہ آج کی کلیسیا کے لئے بھی لکھا ہے۔

اِسی نِجات کی بابت اُن نبیوں نے بڑی تلاش اور تحقیق کی جِنھوں نے اُس فضل کے بارے میں جو تُم پر ہونے کو تھا نبُوّت کی۔ اُنہوں نے اِس بات کی تحقِیق کی کہ مسیح کا رُوح جو اُن میں تھا اور پیشتر سے مسیح کے دُکھوں کی اور اُن کے بعد کے جلال کی گواہی دیتا تھا وہ کَون سے اور کیسے وقت کی طرف اِشارہ کرتا تھا۔ اُن پر یہ ظاہِر کیا گیا کہ وہ نہ اپنی بلکہ تُمہاری خِدمت کے لئے یہ باتیں کہا کرتے تھے جِن کی خبر اَب تم کو اُن کی معرفت ملی جِنھوں نے رُوحُ القدُس کے وسِیلہ سے جو آسمان پر سے بھیجا گیا تُم کو خُوشخبری دی اور فرِشتے بھی اِن باتوں پر غور سے نظر کرنے کے مُشتاق ہیں۔ (1-پطرس 1/10-12)

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت / کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

4- پرانا عہد نامہ ہمارے لئے بطور "مثال"/ نصیحت کے لئے لکھا گیا "as examples"۔

مگر اُن میں اکثروں سے خُدا راضی نہ ہُوا۔ چُنانچہ وہ بیابان میں ڈھیر ہوگئے۔ یہ باتیں ہمارے واسطے عبرت ٹھہریں تاکہ ہم بُری چیزوں کی خواہش نہ کریں جَیسے اُنہوں نے کی۔ اور تم بُت پرست نہ بنو جِس طرح بعض اُن میں سے بن گئے تھے۔ چُنانچہ لکھا ہے کہ لوگ کھانے پینے کو بَیٹھے۔ پھِر ناچنے کُودنے کو اُٹھے۔ اور ہم حرامکاری نہ کریں جِس طرح اُن میں سے بعض نے کی اور ایک ہی دِن میں تیئیس ہزار مارے گئے۔ اور ہم خُداوند کی آزمایش نہ کریں جَیسے اُن میں سے بعض نے کی اور سانپوں نے اُنہیں ہلاک کِیا۔ اور تم بُڑبُڑاؤ نہیں جِس طرح اُن میں سے بعض بُڑبُڑائے اور ہلاک کرنے والے سے ہلاک ہُوئے۔ یہ باتیں اُن پر عبرت کے لئے واقع ہُوئیں اور ہم آخِری زمانہ والوں کی نصِیحت کے واسطے لِکھی گئیں۔

(1- کرنتھیوں 10/5-11)

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت/ کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

---

5- پرانا عہد نامہ حقیقی چیزوں کا عکس ہے۔

کیُونکہ شَرِیعَت جِس میں آیندہ کی اچھی چِیزوں کا عکس ہے اور اُن چیزوں کی اصلی صُورت نہیں اُن ایک ہی طرح کی قُربانیوں سے جو ہر سال بِلاناغہ گُذرانی جاتی ہیں پاس آنے والوں کو ہرگز کامِل نہیں کر سکتی۔(عبرانیوں 10/1)

پَس کھانے پینے یا عید یا نئے چاند یا سَبت کی بابت کوئی تُم پر اِلزام نہ لگائے۔ کیُونکہ یہ آنے والی چِیزوں کا سایہ ہیں مگر اصل چِیزیں مسِیح کی ہیں۔(کلسیوں 2/16-17)

پرانا عہد نام نہ نظر آنے والی حقیقت کا واضح اِظہار ہے۔

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت / کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

پرانا عہد نامہ نفسانی کو پیش کرتا ہے جو کہ پہلے تھا اور روحانی کے لئے راہ تیار کرتا ہے۔

| نیا عہد نامہ | پرانا عہد نامہ |
|---|---|
| روحانی جنم: یوحنا 3/5 | جسمانی جنم |
| روحانی اسرائیل: گلتیوں 6/16 | حقیقی اسرائیل |
| آسمانی یروشلیم: عبرانیوں 12/22 | یروشلیم |
| روحانی ہیکل: 1-پطرس 2/5 | ہیکل |
| روحانی کہانت: 1-پطرس 2/5 | کاہن |
| روحانی قربانیاں: عبرانیوں 13/16 | قربانیاں |
| روحانی دشمن اور جنگ: اِفسیوں 6/12 | جسمانی دشمن اور جنگیں |

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت / کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

6- بائبل مقدس (بشمول پرانا عہد نامہ) ہمارے نجات دہندہ یسوع مسیح کی کہانی کو بیان کرتی ہے۔

تُم کتابِ مقدّس میں ڈھونڈتے ہو کیونکہ سمجھتے ہو کہ اُس میں ہمیشہ کی زِندگی تمہیں مِلتی ہے اور یہ وہ ہے جو میری (یسوع کی) گواہی دیتی ہے۔(یوحنا 5/39)

اُس نے اُن سے کہا اَے نادانوں اَور نبیوں کی سب باتوں کے ماننے میں سُست اِعتِقادوں! کیا مسیح کو یہ دُکھ اُٹھا کر اپنے جلال میں داخِل ہونا ضرُور نہ تھا؟ پھِر موسیٰ سے اور سب نبیوں سے شرُوع کر کے سب نوِشتوں میں جِتنی باتیں اُس کے حق میں لکھی ہُوئیں ہیں وہ اُن کو سمجھا دیں۔(لوقا 24/25-27)

**"He (Jesus) is the unifying theme of the whole Bible"**

**"both Old and New Testaments, could be labeled the *Book of the Revelation of Jesus Christ*"**

# 1- پرانے عہد نامہ کی اہمیت / کیوں پڑھنا چاہیئے؟
# 1- Why Study the Old Testament?

---

7- پرانا عہد نامہ وہ بنیاد ہے جس پر نئے عہد نامہ کی عمارت کھڑی ہے۔

پَس اَب تُم پردیسی اور مسافِر نہیں رہے بلکہ مقدّسوں کے ہم وطن اور خُدا کے گھرانے کے ہو گئے۔ اور رَسُولوں اور نبیوں کی نیو پر جِس کے کونے کے سرے کا پتھّر خُود مسیح یِسُوع ہے تعمیر کِئے گئے ہو۔(اِفسیوں 2/19-20)

یہ لوگ تھِسّلُنیکے کے یہودِیوں سے نیک ذات تھے کیُونکہ اُنہوں نے بڑے شوق سے کلام کو قبُول کیا اور روز بروز کتابِ مقدّس میں تحقیق کرتے تھے کہ آیا یہ باتیں اِسی طرح ہیں۔(اعمال 17/11)

پرانے عہد نامہ نے نئے عہد نامہ کی کلیسیا کی نشو نما میں رہنمائی کی کیونکہ اُس وقت اُن کے پاس یہی واحد بائبل (مطلب صرف پرانا عہد نامہ) موجود تھی۔

# 2- پرانے عہد نامہ کا تعارف:
# 2- Introduction to the Old Testament:

اصطلاح ''پرانا عہد نامہ'' عبرانی بائبل کے لئے اِستعمال ہوتی ہے جو کہ 39 کتابوں پر مشتمل ہے۔ پرانا عہد نامہ دنیا کی تخلیق سے لے کر یسوع مسیح کے پیدائش سے تقریباً 400 سال پہلے تک کے دور کو بیان کرتا ہے۔

مصنفین: پرانے عہد نامہ کے مصنفین کی تعداد سے متعلق علما کے نقطہ نظر مختلف ہیں لیکن زیادہ تر اِس بات پر متفق ہیں کہ پرانا عہد نامہ تقریباً 30 مصنفین نے تقریباً 1200 سالوں کے طویل عرصہ میں لکھا۔

زبان: پرانے عہد نامہ عبرانی زبان میں لکھا گیا ہے لیکن چند کتابوں کے کچھ حصے ارامی زبان میں لکھے گئے ہیں جیسے عزرا، دانی ایل، یرمیاہ۔ ارامی، عبرانی زبان سے ملتی جلتی زبان ہے اور خیال یہی پایا جاتا ہے کہ یسوع مسیح یہی زبان بولتے تھے۔ تیسری صدی قبل از مسیح میں پرانا عہد نامہ کا ترجمہ یونانی زبان میں کیا گیا، اِسے ہفتادی ترجمہ کہتے ہیں اور یہ 70 یہودی علمانے کیا۔ یسوع مسیح کے دور میں یہ ترجمہ عام اِستعمال میں خاص طور پر اُن یہودیوں میں جو یہودیہ کی سرزمین سے دور غیر قوموں میں رہ رہے تھے۔

# 2- پرانے عہد نامہ کا تعارف:

# 2- Introduction to the Old Testament:

تہذیب/ثقافت: پرانے عہد نامہ کی تہذیب موجودہ دور کے تجربات سے بہت مختلف ہے اِس لئے اِسے پورے طور سے سمجھنے کے لئے ابتدائی مشرقی ثقافت کے بعض عناصر کو سمجھنا ضروری ہے۔ پرانے عہد نامہ کی تہذیب زیادہ تر زراعت اور چرواہوں پر مشتمل تھی۔ اِسی طرح پرانے عہد نامہ کے دور کی شادی کی رسومات بھی آج کے دور سے بہت مختلف تھیں۔

کتابوں کی تقسیم: نئے عہد نامہ میں پرانے عہد نامہ کی تقسیم سے متعلق مختلف عنوان استعمال ہوئے ہیں جیسے شریعت اور انبیا (متی 7/12)، موسیٰ اور انبیا (لوقا 16/29-31)، شریعت انبیا اور زبور (لوقا 24/44)۔ لیکن عام طور پر پڑھنے اور سمجھنے کی غرض سے پرانے عہد نامہ کو 5 حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے: توریت (پانٹیٹیوچ)، تاریخی کتب، شاعرانہ کتب، انبیائے اکبر اور انبیائے اصغر۔

# 3- پرانا عہد نامہ پڑھنے کے طریقے:
# 3- Ways to Study the Old Testament:

1- تاریخی ترتیب سے پڑھنا: Chronologically

اِس طریقے سے پڑھنے میں کتابوں کو ترتیب تاریخی طور پر دے کر اُن کے تاریخی سیاق و سباق میں پڑھا جاتا ہے۔

2- عہدی ترتیب سے پڑھنا: Covenantally

اِس طریقے سے پڑھنے میں کتابوں کو خُدا کے عہدوں کی بنیاد پر ترتیب دہ کر پڑھا جاتا ہے۔

3- مسایا کے حوالہ سے ترتیب دے کر پڑھنا: Messianically

ہر کتاب پر غور کیا جاتا ہے کہ کس طرح وہ کتاب یسوع مسیح کے مکاشفہ کو پیش کر رہی ہے۔

4- کینونیکل ترتیب سے پڑھنا: Canonically

اِس طریقے میں بائبل میں موجودہ ترتیب کے مطابق پڑھا جاتا ہے۔

# Any Questions?